© rasailojaraid.com



# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں

**مناہج المفسرین من العصر الاول الی العصر الحدیث: تصنیف: دکتور محمود النقراشی السید علی، طبع اول ۱۹۸۶ء، ناشر: مکتبۃ النہضۃ۔ القصیم، صفحات ۲۲۰**

اس کتاب میں صدر اسلام سے عہد حاضر تک کے علماء تفسیر کے مناہج تفسیر کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ یہ کتاب تین مباحث پر مشتمل ہے۔ مبحث اول میں تفسیر قرآن کی ضرورت و اہمیت، اس کا معنی و مفہوم، صحابہ کرام کا طرز تفسیر اور ان کے مصادر و مآخذ پر بحث کی گئی ہے۔ مبحث دوم تفسیر بالماثور کی تعریف اور اس کی مختلف قسمیں نیز تفسیر بالرائی کے صحیح مفہوم کی وضاحت کی گئی ہے۔ مبحث سوم میں نامور مفسرین کرام کے مختصر تعارف کے بعد ان کے مناہج تفسیر کا جائزہ لیا گیا ہے۔ واضح رہے اس کتاب میں صرف انہی علماء تفسیر سے تعرض کیا گیا ہے جنھوں نے اپنی تفسیر "تفسیر بالماثور کے اصول" پر لکھی ہے۔

**سورۂ فاتحہ، ایک تحقیقی مطالعہ، تصنیف: الطاف احمد اعظمی (علیگ) طبع اول ۱۹۸۶ء، ناشر: ادارہ تحقیقات و اشاعت علوم قرآن، جونپور، صفحات ۱۰۸، قیمت ۱۵ روپئے۔**

سورہ فاتحہ اسلوب بیان اور معنوی وسعت کے اعتبار سے ایک ممتاز حیثیت رکھتی ہے اور قرآن مجید کے بنیادی مضامین کی جامع ہے۔ زیر نظر کتاب اس سورہ کی تشریح و تفسیر اس انداز سے کرتی ہے کہ ایک طرف تو قرآن مجید کے بنیادی تصورات واضح ہو جائیں اور دوسری طرف مسلمانوں میں اس بات کا واقعی احساس پیدا ہو جائے کہ اس کے حقیقی مفہوم اور اس کے تقاضوں سے غفلت کی وجہ سے ان کی زندگیوں میں کس طرح گوناگوں اعتقادی اور اخلاقی خرابیاں پیدا ہو گئی ہیں۔

© rasailojaraid.com